## آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس
## 21، 22 اور 23 مارچ 2025ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سالانہ سسٹم مینٹیننس اڈویلپمنٹ ورکس/اے ایم آئی میٹرز تنصیب کے باعث آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 21 مارچ 2025 صبح 07:00 بجے تا شام 05:00 بجے تک، اٹک سرکل، کھنڈا، گگن فیڈرز، مورخہ 22 مارچ 2025، صبح 07:00 بجے سے دن 11:00 بجے تک، راولپنڈی سٹی سرکل، چاکرہ، سہام، رینج روڈ، ماڈرن فلور مل، ملت آباد، کے ٹی ایم، پشاور روڈ، قائد اعظم ہسپتال فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، کلرسٹی، دوبیرن فیڈرز، صبح 07:00 بجے تا شام 05:00 بجے تک، اٹک سرکل، دل جی، مائیکروویو، ماری ٹائم، گل محمد، کھنڈا، گگن فیڈرز، مورخہ 23 مارچ 2025، صبح 07:00 بجے سے دن 11:00 بجے تک، راولپنڈی کینٹ سرکل RCCI-I,III & IV فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے۔

انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومتیں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کی ذمہ دار ہیں، پاکستان کی گورننس میں بڑے پیمانے پر بہتری گزیر ہیں، اگر صوبائی حکومت سکیورٹی فورسز کو آپریشن سے روکتی ہے تو حالات کی ذمہ داری بھی قبول کرے۔

ہے، پاکستان کا استحکام ہم سب کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری افواج اور ہمارے ادارے دہشتگردی کی جنگ لڑ رہے ہیں۔

**بقیہ 47**

سے پاکستان اور پاکستان سے ایران سفر کر رہے تھے۔ ابتدائی تفتیش کے بعدان تمام افراد کو دیگر ...

**بقیہ 40**

...

بات کی جا رہی ہے تاکہ بین الاقوامی سطح پر ویوز ملیں۔ جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ حال ہی میں ترین دہشت گردی کا افسوسناک واقعہ ہوا، اگر ایک شخص غفلت برتے تو الزام نہیں لگایا جاسکتا کہ پوری ریاست ملوث ہے۔ عدالت نے کیس کی سماعت 5 ہفتوں تک کے لیے ملتوی کر دی۔

باہمی پھیلانے میں ریڈیو اہم کردار ادا کر سکتا ہے، ریڈیو پاکستان جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرے۔ انہوں نے کہا کہ بہتر افرادی قوت اور وسائل پر انحصار کیا جائے۔ ڈپٹی چیئرمین سینٹ نے ریڈیو پاکستان کے ڈائریکٹر جنرل کو اپنے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

## دہشت گرد گروپوں کا افغان سرزمین کا استعمال تعلقات میں بڑی رکاوٹ ہے، وزیر خارجہ اسحاق ڈار

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ دہشت گرد گروپوں خصوصاً ٹی ٹی پی کا افغان سرزمین کا استعمال ہمارے باہمی تعلقات میں بڑی رکاوٹ بن گیا ہے۔ اسحاق ڈار نے قومی اسمبلی اجلاس میں تحریری جواب جمع کروا دیا جس میں کہا گیا کہ پاکستان بھارت سے کشمیر سمیت تمام تصفیہ طلب مسائل کے حل کے لیے تعمیری روابط اور نتیجہ خیز مذاکرات کر رہا ہے۔ انہوں نے جواب میں بتایا کہ بھارت پر زور دے رہے ہیں کہ وہ امن اور بات چیت آگے بڑھانے کے لیے سازگار ماحول پیدا کرے۔ وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا کہ دوطرفہ تعلقات میں مشکلات کے باوجود پاکستان نے ذمے داری سے کام جاری رکھا، لائن آف کنٹرول پر جنگ بندی کو برقرار رکھا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اکتوبر 2024ء میں کرتارپور راہداری معاہدے کی مزید 5 سال کے لیے تجدید کی گئی۔ وزیر خارجہ اور ڈپٹی پرائم منسٹر نے جمع کروائے جواب میں کہا کہ دہشت گردی کے مسئلے کو حل کرنے کی ہماری تمام کوششوں کا اب تک افغانستان سے کوئی نتیجہ خیز جواب نہیں ملا۔

**بقیہ 45**

کے مریضوں کو لازمی ماسک استعمال کرنے کی ہدایت کی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق پولن کی سب سے زیادہ مقدار سیکٹر ایچ ایٹ میں ریکارڈ کی گئی، جبکہ سیکٹر جی سکس میں پولن کی مقدار 12 ہزار 628 اور سیکٹر ای ایٹ میں 11 ہزار 19 اور سیکٹر ایف ٹین میں بھی پولن کی مقدار 8 ہزار 251 ریکارڈ کی گئی ہے۔ ماہرین نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ پولن کے ذرات میں مزید اضافہ ہوسکتا ہے۔ اس لئے شہری احتیاط کریں اور خاص طور پر پولن الرجی کے مریض ماسک کا استعمال لازمی کریں۔

**بقیہ 46**

گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ عسکری قیادت نے ارکان سیاسی قیادت کو سیکیورٹی کی صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی، اس میٹنگ کا مقصد قومی اتفاق رائے پیدا کرنا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے پڑوس اور اس سے دور طاقتیں پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کرنا چاہتے ہیں، دہشتگردی کا شکار صرف اسلامی ممالک ہی ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایٹمی قوت نہ ہوتا تو ہمارا حال بھی ان ممالک سے مختلف نہ ہوتا، ہم دہشتگردی کی جنگ میں 93000 شہادتیں ہو چکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کی جنگ لڑنا حکومت کی ذمہ داری ہے لیکن اس میں اپوزیشن کا بھی کردار ہے، اپوزیشن کا رویہ انتہائی مایوس کن ...

